# 26809 ـ خلیفہ نہ ہونے کی بنا پر نماز جمعہ ادا نہیں کرتے

**سوال**

یہاں بہت سے نوجوان نماز جمعہ ادا نہیں کرتے، بلکہ وہ ( چار رکعت ) نماز ظہر ادا کرتے ہیں، کیونکہ خلیفہ نہ ہونے کی بنا پر نماز جمعہ کی شروط مکمل نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

نماز جمعہ ترك كر كے اسے نماز ظہر ميں بدل كر ان نوجوانوں نے غلطى كى ہے، كيونكہ اہل سنت كے علماء كرام كے ہاں خليفہ كى موجودگى يا اس كى اجازت جمعہ واجب ہونے كى شروط ميں شامل نہيں، اور نہ ہى نماز جمعہ كى صحت كے ليے خليفہ كى موجودگى يا اس كى اجازت شرط ہے.